مرکز مدیریت حوزہ ہائے علمیہ اسلامی جمہوریہ ایران کا ترجمان

# صدائے حوزہ

جلد:۱ | ۱۱ ذیقعدہ ۱۴۴۱ھ/۳ جولائی ۲۰۲۰ء | شمارہ:۱


امام جمعہ بغداد

عراق میں امریکی موجودگی کا

کوئی فائدہ نہیں ہے۔

صفحہ:۳

علامہ طالب جوہریؒ

کے انتقال پر

آیت اللہ اعرافی کا اظہار افسوس

صفحہ:۲

کورونا وائرس ایک عذاب الٰہی اور امت کے برے اعمال کا نتیجہ ہے، آیت اللہ العظمیٰ حافظ بشیر حسین نجفی

# کورونا سے مقابلہ کرنیوالے رضا کار جہاد بالنفس میں مشغول ہیں

امام علیؑ بریگیڈ کی عظیم خدمات کا شکریہ، اللہ تعالیٰ کی رضایت کی خاطر انجام پانے والے ایسے اعمال بلاشبہ اپنے نفس سے جہاد کے مترادف ہیں۔

کورونا سے جاں بحق ہونے والوں کو رضا کارانہ غسل وکفن دینا اور ان کی قبریں بنانا شرعی واجبات پر عمل پیرا ہونے کے ساتھ ساتھ قابل قدر جہاد بھی ہے۔



(نجف اشرف) آیت اللہ العظمیٰ حافظ بشیر حسین نجفی نے کہا کہ کرونا کی وجہ سے مرنے والوں کے لئے قبر تیار کرنا، غسل دینا اور کفن دینے جیسے شرعی واجبات پر عمل کرنے والے رضا کاروں کی خدمات کم سے کم جہاد نفس ہے کہ کم از کم جوان کے بارے میں کہہ سکتے ہیں یہ ہے کہ وہ اپنے نفس سے جہاد (مقابلہ) کررہے ہیں۔انھوں نے امام علی بریگیڈ کے عظیم خدمات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ اس طرح کے اقدامات جو صرف خدا کے لئے ہے اس کی حقیقت نفس سے جہاد، مومنین اور ملک کے دیگر افراد سے اظہار احترام ہے انکے بارے میں جو کم سے کم کہا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ اپنے نفس سے جہاد (مقابلہ) کررہے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ کورنا وائرس امت کے لئے ایک عذاب ہے جو انکے برے اعمال کے نتیجے میں آیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ مجاہدین احترام اور عزت کے لائق ہیں خدا وندمتعال انکو احسان کرنے والوں کو اجر عطا فرمائے اور انکو دنیاوی آفات سے محفوظ رکھے، جو کہ یہ وائرس ان میں سے ایک ہے۔آیت اللہ بشیر نجفی نے آخر میں انسداد کورونا مہم میں شامل رضا کاروں کے لئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو قبول فرمائے اور اس وطن میں ان جیسے جوانوں کی تعداد میں اضافہ فرمائے۔

## دفتر رہبر کا شیخ محسن نجفی کے نام تعزیتی پیغام

دونوں مرحومین علوم اہل بیتؑ کی نشرواشاعت میں مصروف تھے،انتقال سے نہایت دکھ ہوا۔

(تہران) دفتر مقام معظم رہبری کے بین الاقوامی تعلقات کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل حجت الاسلام والمسلمین محسن قمی نے اپنے ارسال کردہ تعزیتی پیغام میں حجت الاسلام والمسلمین شیخ محسن علی نجفی کے دونوں داماد کے انتقال پُر ملال کی تعزیت پیش کرتے ہوئے مرحومین کے خاندان اور شیخ محسن نجفی سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ آپ کے دونوں عزیز و بزرگوار داماد کے انتقال کی خبر سن کر نہایت دکھ ہوا، دونوں مرحومین ایک عرصے سے علوم اہل بیت علیہم السلام کو نشر کرنے میں مصروف عمل تھے۔

اس افسوسناک سانحے کی مناسبت سے جناب عالی اور تمام لواحقین کی خدمت میں تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں، اور دونوں مرحومین کی مغفرت، بلندی درجات اور اولیاء اللہ کے ساتھ محشور ہونے اور حضرت عالی و دیگر لواحقین کے لیے صبر جمیل اور اجر عظیم کی بارگاہ الٰہی میں تمنا کرتے ہیں۔

امریکہ میں جاری مظاہرے، پس منظر اور اثرات کے عنوان سے حوزہ نیوز میں خصوصی نشست کا انعقاد

## امریکی اور یورپی ممالک کے زوال کی رفتار میں تیزی آگئی ہے، مقررین

(قم) امریکہ میں جاری مظاہرے، پس منظر اور اثرات کے عنوان سے حوزہ نیوز میں خصوصی کانفرنس کی پہلی نشست سے ہندوستان سے تعلق رکھنے والے مذہبی اسکالر تجزیہ نگار مولانا عاکف علی زیدی نے خطاب میں کہا کہ اب امریکہ میں باقاعدہ طور پر ایک سسٹم کے خلاف آواز اٹھانے کا سلسلہ عروج پر پہنچ چکا ہے، مطالبات پھیلتے جارہے ہیں، نئے افکار آئے ہیں، پولیس محکمے کو جڑ سے ہی ختم کیا جانے کا مطالبہ ہورہا ہے۔ پاکستان سے براہ راست خطاب کرتے ہوئے علامہ امین شہیدی نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں وسیع پیمانے پر احتجاجی مظاہروں کا سلسلہ اچانک رونما نہیں ہوتا، امریکہ میں یہ



مظاہرے امریکی دوغلہ پالیسی، حقوق کا یکساں طور پر نہیں ملنا، سیاہ فام کو دوسرے تیسرے طبقے کے لوگ شمار کرنا، ٹرمپ اور دیگر امریکی عہدیداروں کے نفرت انگیز رویے، ان تمام وجوہات کے باوجود جرم کے مرتکب ہوئے بغیر ایک شخص پر وحشی جانوروں کی طرح پولیس کی تشدد اور اس سے بے دردی کے ساتھ مارنا۔

عدلیہ کے اعلیٰ عہدیداروں سے خطاب میں فرمایا کہ کورونا وائرس ہاتھوں کو دھو لینے سے ختم ہو جاتا ہے مگر بدعنوانی کے وائرس کو ختم کرنے کے لئے بدعنوان ہاتھ کو قطع کرنا پڑتا ہے

# بدعنوانی کورونا سے زیادہ خطرناک ہے، رہبر معظم انقلاب

مالیاتی بدعنوانی کورونا وائرس کی طرح بہت خطرناک اور شدید متعدی بیماری ہے

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے نے عوام اور عہدیداران کو دعوت دی کہ طبی سفارشات پر عمل کریں اور کورونا وائرس کے دوبارہ پھیلاؤ کا سد باب کریں۔

تہران (پ ر) رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عدلیہ کے اعلیٰ عہدیداروں سے خطاب میں فرمایا کہ بدعنوانی کے خلاف کارروائی جو اس دور میں اپنے اوج پر پہنچی ہے بلا چشم پوشی اور حق وانصاف اور قانون کی بنیاد پر، ساتھ ہی بے گناہ افراد پر ظلم اور ان کی حق تلفی سے مکمل اجتناب کے ساتھ جاری رہنا چاہئے۔ رہبر انقلاب اسلامی نے زور دیکر کہا کہ کورونا کا بحران ابھی ختم نہیں ہوا بلکہ جاری ہے۔ آپ نے عوام اور عہدیداران کو دعوت دی کہ طبی سفارشات پر عمل کریں اور کورونا وائرس کے دوبارہ پھیلاؤ کا سد باب کریں۔ آپ نے فرمایا کہ کورونا وائرس اور بدعنوانی کے وائرس کے درمیان واحد فرق یہ ہے کہ کورونا وائرس ہاتھوں کو دھو لینے سے ختم ہو جاتا ہے مگر بدعنوانی کے وائرس کو ختم کرنے کے لئے بدعنوان ہاتھ کو قطع کرنا پڑتا ہے۔



# علامہ طالب جوہری کے انتقال پر آیت اللہ اعرافی کا اظہار افسوس

ایرانی دینی مدارس کے سربراہ نے کہا کہ علامہ طالب جوہری آیت اللہ خوئی اور آیت اللہ صدر کے شاگردوں میں سے تھے

انہوں نے اسلامی معاشرہ، عالم تشیع اور خاص طور پر پاکستان کی ملت تشیع کے لئے بڑی عظیم خدمات انجام دیں

(قم) ایرانی دینی مدارس کے سربراہ آیت اللہ علی رضا اعرافی نے اپنے ارسال کردہ تعزیتی پیغام میں علامہ طالب جوہری کے انتقال کی ان کے خانوادے کو تعزیت پیش کی اور ان سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ علامہ طالب جوہری کے انتقال پر ملال کی خبر سن کر نہایت دکھ ہوا۔ علامہ طالب جوہری آیت اللہ خوئی اور آیت اللہ صدر کے شاگردوں میں سے تھے اس خدمت گزار عالم دین نے اپنی با برکت عمر دین اسلام اور مکتب اہل بیت علیہم السلام کی تبلیغ و ترویج میں صرف کی۔ انہوں نے اپنی بے بدیل اور بے نظیر تقاریر، خطبوں کے ذریعے دین اسلام کے احیاء کیلیے بہت بڑا کردار ادا کیا۔ انہوں نے اسلامی معاشرہ، عالم تشیع اور خاص طور پر پاکستان کی ملت تشیع کے لئے بڑی عظیم خدمات انجام دیں۔ خداوند انکی مجاہدانہ خدمات اور کوششیں جو کہ اسلام اور مکتب اہل بیت (ع) کی ترویج کے لیے انجام پائیں مرحوم و مغفور کے باقیات صالحات کے طور پر اپنی بارگاہ احدیت میں قبول و منظور فرمائے!

# سیرت اہل بیتؑ کی پیروی آج کے معاشرے کی ضرورت ہے

دین کی معرفت کے ذریعہ انسان معاشرے میں بلند مقام حاصل کرسکتا ہے۔

قم حجۃ الاسلام والمسلمین فرشاد یزدی نے حرم کریمہ اہل بیت علیہم السلام قم میں خطاب کرتے ہوئے کہا: توضیح المسائل کا مطالعہ بہت اہم ہے، والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو اس کے مطالعہ کی تاکید کریں۔ انہوں نے مزید کہا: انسان کی شخصیت اس کے دین فہمی سے پروان چڑھتی ہے اور دین کی معرفت کے ذریعہ انسان معاشرے میں بلند مقام حاصل کرسکتا ہے۔ دینی علوم کے استاد نے کہا: امام رضا علیہ السلام کے پیروکار ہونے کی حیثیت سے ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم امام علیہ السلام کی زندگی کا مطالعہ کریں تاکہ ہمیں معلوم ہو کہ امام رضا علیہ السلام اپنی بیوی، بچوں اور باقی لوگوں سے کس طرح پیش آتے تھے۔

## مولانا سید قاضی محمد عسکری کی صحت یابی کے لئے دعا کی اپیل

جامعہ اہلبیت علیہ السلام دہلی کے سربراہ و استاد مولانا سید قاضی محمد عسکری کو قلب کی علالت کے پیش نظر انجیو گرافی کیلیے اسپتال لے جایا گیا ہے آپ تمام مومنین سے گذارش ہے ان کی صحت و سلامتی کے لئے دعا کی اپیل ہے۔

# علامہ طالب جوہری کی رحلت پر سید مفید حسینی کوہساری کا تعزیتی پیغام

(قم) حجت الاسلام والمسلمین سید مفید حسینی کوہساری نے پاکستان کے ممتاز عالم دین اور مشہور خطیب مرحوم حجۃ الاسلام والمسلمین طالب جوہری کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔ پاکستان کے ممتاز عالم دین اور مشہور خطیب مرحوم حجۃ الاسلام والمسلمین طالب جوہری کی رحلت پر تعزیت و تسلیت عرض کرتا ہوں۔ مرحوم نے حوزہ علمیہ نجف اشرف میں فقہ، کلام اور فلسفہ کی تعلیم مرحوم آیۃ اللہ العظمی خوئی (اعلی اللہ مقامہ) اور مرحوم آیۃ اللہ العظمی شہید باقر صدر (اعلی اللہ مقامہ) سے حاصل کی۔ انہوں نے اپنی پوری عمر میں اپنے خطبوں اور مذہبی تقاریر کے ذریعہ مکتب اہل بیت علیہم السلام کی ترویج کے لیے بہت زیادہ خدمات انجام دیں۔ خداوند عالم راہ اسلام اور مکتب اسلام میں ان کی زحمتوں کو قبول فرمائے۔ مرکز روابط بین الملل حوزہ علمیہ قم اس عالم دین کی رحلت پر تمام مسلمانوں بالخصوص پاکستان کے مراجع عظام، علماء کرام، دینی مدارس اور مرحوم کے خاندان کو تسلیت پیش کرتا ہے۔

# ماحولیاتی توازن کیلئے شجر کاری ضروری ہے، مولانا کلب جواد

اس مہم میں شریک ہوں اور زمین کو مزید آلودگی سے محفوظ رکھنے میں قدم بڑھائیں

نئی دہلی (پ ر) اس برس عالمی یوم ماحولیات پر ادارہ مقصد حسینی کی جانب سے ایک ہزار پودے لگائے جانے کا عزم ہے۔ اس درخت کاری کا فتتاح ادارہ کے صدر مولانا سید رضا حسین رضوی کے توسط سے ہو چکا ہے۔ اس موقع پر انھوں نے کہا پورے سال میں ایک ہزار پودے لگانا ہمارا مقصد ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں پودے لگائے جائیں گے تاکہ ہمارے ماحول سے فضائی گندگی کا خاتمہ ہو سکے۔ اس وقت پوری دنیا میں پودے لگائے جانے کی سخت ضرورت ہے چوں کہ جیسے جیسے آبادی کا گراف بڑھتا جا رہا ہے، جنگلات ختم ہوتے جا رہے ہیں، اس لیے نئی نئی بیماریاں بھی جنم لیتی رہتی ہیں۔ مولانا کلب جواد نے درخت کاری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بھی اس مہم میں شریک ہوں اور زمین کو مزید آلودگی سے محفوظ رکھنے میں قدم بڑھائیں۔ چونکہ یہ کام ایک سے نہیں، سب کی شراکت سے ہی ہو سکتا ہے۔



# حوزہ علمیہ کو ثقافتی سازشوں سے نمٹنے کیلئے صف اول میں ہونا چاہئے

**آج، دینی مدارس جنگی تعمیر کی جا رہی ہے اس میں بابصیرت اور پڑھے لکھے فقہائے کرام کی تعلیمی تربیت ہونی چاہیے**

(قم) آیت اللہ العظمی نوری ہمدانی نے گزشتہ روز کریمہ اہل بیت علیہم السلام کلچرل اینڈ ایجوکیشنل کمپلیکس پراجیکٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر، اہل بیت علیہم السلام کی فقہ کو کلام الٰہی قرار دیتے ہوئے کہا کہ: یہ فقہ نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بعد وجود میں آنے والی صدیوں کی دوسری فقہ سے مختلف ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ: اموی اور عباسی خلفاء اہل بیت علیہم السلام کی فقہ کے خلاف ایک اور فقہ وجود میں لانا چاہتے تھے، لیکن انہوں نے اعتراف کیا کہ فقہ کی سب سے مکمل قسم اہل بیت علیہم السلام کی فقہ ہے۔حضرت آیت اللہ نوری ہمدانی نے اس بات پر زور دیا کہ: آج، دینی مدارس جنگی تعمیر کی جا رہی ہے اس میں بابصیرت اور پڑھے لکھے فقہائے کرام کی تعلیمی تربیت ہونی چاہیے تاکہ وہ شکوک وشبہات کا جواب محنت اور کوشش سے دے سکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ: دور حاضر میں دشمنوں اور عالمی استکبار نے ثقافتی جنگ کا آغاز کیا ہوا ہے، ایسی صورتحال میں حوزہ علمیہ کو سب سے آگے ہونا چاہئے اور دشمنوں کی ان سازشوں کو بے اثر کرنے میں مضبوط اور موثر کردار ادا کرنا چاہئے۔



# حضرت زہراؑ، امت اسلامیہ کا مشترکہ سرمایہ ہیں

**آیت اللہ سید حافظ ریاض حسین نجفی نے کہا کہ جناب فاطمہ زہراؑ کی ذاتِ گرامی، شیعہ سنی مسلکی تفریق سے بالاتر اور امتِ اسلامیہ کا مشترکہ سرمایہ ہے**

**پوری تاریخِ اسلامی میں اہل سنت علمائے کرام اور مشائخ عظام نے خاندانِ رسالتمآب کو ''اہل بیت اطہار'' کہا ہے اور انکی شان میں قلم اور زبان سے رطب اللسان رہے ہیں**

لاہور(خ ر) وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے صدر آیت اللہ حافظ سید ریاض نجفی نے ملت جعفریہ پاکستان کے بزرگ علمائے کرام کی نمائندگی کرتے ہوئے حکومت، اعلی عدلیہ اور قوم کے تمام سنجیدہ طبقات کو اتحاد امت اسلامیہ کو درپیش ایک نئے فتنے سے خبردار کیا ہے اور واضح کیا ہے کہ آصف اشرف جلالی نامی مولوی نے خاتونِ جنت حضرتِ فاطمہ زہرا کو "خطا کار'' کہہ کر دخترِ رسالت مآب کی بے حرمتی کی ہے۔ جو دراصل توہینِ رسالت کی بدترین مثال ہے جس کے نتیجے میں ملک کے طول وعرض میں کروڑوں عاشقانِ رسالت شدید بے چینی کا شکار ہیں۔حافظ ریاض نجفی نے واضح کیا ہے کہ اگر اس گستاخ رسالت اور فسادی مولوی کے خلاف مقدمہ درج کر کے فوری طور پر کارروائی نہ کی گئی تو ملک بھر میں فرقہ وارانہ افراتفری پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

# کورونا کے دوران 110 مساجد میں 650 مبلغین کی تبلیغی سرگرمیاں قابل تحسین عمل تھا، سربراہ دفتر تبلیغات قم

قم (خ ر) حجت الاسلام رضا عزت زمانی نے قم میں پنجرہ فولاد کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس جو کہ اہل بیت علیہم السلام سے منسوب مختلف سنگت کے سرپرستوں کی تجلیل منانے کی خاطر منعقد ہوئی تھی، کہا کہ جو بات نہیں بھولی جانی چاہیے وہ یہ ہے کہ کورونا کے دوران، حوزہ علمیہ قم کے طلباء اور رضا کار علماء کی تبلیغی سرگرمیاں تھیں، طلباء اور علماء نے گھر گھر اور محلے کا دورہ کیا اور اپنی تبلیغی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے حکومت کا ساتھ دیا۔

## علامہ ساجد نقوی
## ریاست مدینہ کے حوالے سے
## قرآن پاک سے رہنمائی لی جائے

راولپنڈی (پ ر) قائد ملت جعفریہ علامہ سید ساجد علی نقوی نے کہا کہ قرآن کریم کی آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست مدینہ کے حوالے سے قرآن پاک سے رہنمائی لی جائے، اچھائی کو پھیلانے اور برائی کے خاتمے، عوام کی فلاح کیلئے اقدامات اٹھائے جانے ضروری ہیں۔

# عراق میں امریکی موجودگی کا کوئی فائدہ نہیں ہے، امام جمعہ بغداد

**عراق میں امریکی افواج کی موجودگی ہرگز قابل قبول نہیں**

عراق (خ ر) امام جمعہ بغداد حجت الاسلام و المسلمین سید یاسین موسوی نے کہا: امریکی افواج کو عراق سے نکال باہر کرنا ہوگا کیونکہ عراقی پارلیمنٹ بھی اب اس کے متعلق بل منظور کر چکا ہے۔انہوں نے مزید کہا: عراق کے مکمل استقلال کے لیے ضروری ہے کہ امریکی افواج کو یہاں سے نکال باہر کیا جائے۔بغداد کے امام جمعہ نے کہا: عراقی مذاکراتی ٹیم کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہمیں عراق میں امریکی افواج کی موجودگی ہرگز قابل قبول نہیں ہے کیونکہ ہم ایک آزاد اور خود مختار ملت ہیں۔سید یاسین موسوی نے کہا کہ ہمارے لئے امریکہ سب سے بڑا مسئلہ ہے اور عراق صرف اس صورت میں مشکلات سے نکل سکتا ہے کہ



جب وہ اقتصادی، فوجی اور سیاسی اعتبار سے بھی مستقل ہو۔عراق میں امریکی افواج کی موجودگی کا ہمیں کوئی فائدہ نہیں ہے۔انھوں نے کہا کہ عراق کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام کی حکومت کا دارالخلافہ اس ملک میں تھا اور امام زمانہ حضرت امام مہدی (عج) کی حکومت کا دارالخلافہ بھی عراق میں ہی ہوگا۔

## آیت اللہ فیاض نے ماسک اور دستانے پہننے کو واجب قرار دے دیا

نجف (خ ر) حوزہ علمیہ نجف اشرف کے مایہ ناز مرجع تقلید حضرت آیت اللہ العظمی شیخ محمد اسحاق فیاض نے ایک سوال کے جواب میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کی خاطر ماسک اور دستانے پہننے کو واجب اور انسانی فرض قرار دیا ہے اور انہوں نے اپنی زندگی اور اپنی فیملی کی زندگیوں کی حفاظت پر شک کرنے والوں پر حیرانگی کا اظہار کیا ہے۔



# نائیجریا میں دہشت گردی امریکی تسلط کا نتیجہ ہے

نائجیرین انسانی حقوق کے سرگرم رہنماڈاکٹر ناصر صافہ نے کہا کہ جب سے امریکہ نے نائیجریا تک رسائی حاصل کی،اس وقت سے نائیجیریا کی صورتحال ابتر ہوتی جارہی ہے

**امریکی تسلط سے نائجیریا کے حصے میں صرف اغوا، دہشت گردی اور بوکوحرام آئے ہیں**

نائجیر (خ ر) نائجیرین حقوق بشر کے سرگرم رہنما ڈاکٹر ناصر صافہ نے امریکہ کو دہشتگرد گروہ داعش القاعدہ بوکوحرام ندوہ وغیرہ کا سرپرست قرار دیا اور مزید کہا کہ 1871 میں افریقہ کے ٹوٹنے کا آغاز اور برلن کانفرنس نیز افریقہ میں غلاموں کی تجارت اور اس عمل میں 20 لاکھ افریقیوں کا قتل عام، امریکی جرائم میں سے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ 1979 میں جب امریکہ نے نائیجریا تک رسائی حاصل کی، اس وقت سے نائیجریا کی صورتحال ابتر ہوتی جارہی ہے، امریکی تسلط سے نائجیریا کے حصے میں صرف اغوا، دہشت گردی اور بوکوحرام آئے ہیں. مزاحمتی اور مقاومتی محاذ کسی بھی طرح پیچھے نہیں ہٹے گا مزید کہا کہ خدا نے چاہا تو انشاءاللہ مزاحمتی اور مقاومتی محاذوں کی کوششوں سے ریاستہائے متحدہ کی انتہائی خود غرض اور دہشت گرد حکومت کو ختم کردیں گے۔

حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا:

**وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو اپنی دنیا کو اپنے دین کی وجہ سے اور اپنے دین کو اپنی دنیا کی وجہ سے ترک کردے۔**

بحارالأنوار، ج ۷۸، ص ۳۴۶



# فساد پھیلانے والوں کو عبرت ناک سزا دی جائے

آیت اللہ سعیدی نے کہا کہ :ہماری خوش قسمتی ہے کہ آج عدلیہ کا سربراہ وہ ہے جو بلاتفریق احتساب کا عمل بجالارہا ہے

**: ولایت مداری یا ولایت کی پیروی کرنا حضرت معصومہ سلام اللہ علیہا کی بابرکت زندگی کے اصولوں میں سے ایک اہم اصول رہا ہے**

قم (خ ر) آیت اللہ سید محمد سعیدی گذشتہ روز، بلدیہ قم کے 110 سول اور خدمت رسانی منصوبوں کی افتتاحی تقریب کے دوران کہا کہ صحت کے شعبے میں لوگوں کی خدمت ہو یا ان لوگوں کی خدمت ، جنہوں نے دنیا سے چل بسنے والے مرحومین کی رسومات مانند غسل وکفن اور دفن کے فرائض انجام دیئے ہوں اور یہ ساری خدمات نظام اور اہل بیت علیہم السلام کیلیے فرائض کے طور پر انجام دی گئیں ہیں۔ انھوں نے کہا کہا مام جمعہ قم نے کہا کہ: ولایت مداری یا ولایت کی پیروی کرنا حضرت معصومہ سلام اللہ علیہا کی بابرکت زندگی کے اصولوں میں سے ایک اہم اصول رہا ہے اور آپ نے اس راہ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

الحاقی منصوبے فلسطین کوٹکڑے ٹکڑے کردینگے، فلسطینی قانون سازاسمبلی کے رکن

## عوامی تحریک دشمن کے لئے بہت بڑا خطرہ ثابت ہوسکتی ہے

فلسطین (خ ر) فلسطینی قانون ساز اسمبلی کے رکن ناصر عبد الجواد نے فلسطینی عوام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ قابض اسرائیلی حکومت کے منصوبوں، خاص طور پر مغربی کنارے کو الحاق کرنے کے منصوبے کا مقابلہ کرنے کے لئے اپنے اختیارات کی راہ ہموار کریں۔عوامی تحریک دشمن کے لئے بہت بڑا خطرہ ثابت ہو سکتی ہے ۔انہوں نے ایک سنجیدہ سیاسی فیصلہ کرنا ہوگا، اور قابض اسرائیلی حکومت کے منصوبوں کے سامنے بیانات اور مؤقف کو یکجا کرنا ہوگا تاکہ یہ منصوبہ ناکام ہوجائے۔

# اہل بیتؑ اسلام کا حقیقی مظہر ہیں

## یورپ میں آیت اللہ سیستانی کے نمائندے سید مرتضی کشمیری کا بیان

یورپ (خ ر) حجت الاسلام والمسلمین سید مرتضی کشمیری نے علمائے کرام، خطباء عظام، دینی مبلغین اور اسلامی اداروں کو تاکید کی ہے کہ وہ سیرت اہلبیت علیہم السّلام کی روشنی میں بچوں کی تربیت کریں۔امام جعفر صادق علیہ السلام امام الفقہاء اور علماء کے استاد ہیں اور امام جعفر صادق اور امام باقر علیہما السلام نے مدینہ منورہ میں مختلف علوم اسلامی، علوم طبیعی اور علوم انسانی کی نشر واشاعت کے لئے اہل بیت یونیورسٹی کی بنیاد رکھی اور اس یونیورسٹی سے علماء، فقہاء، متکلم، فلسفی، مؤرخ، محدث اور علوم طبیعت کے دانشور تربیت ہوئے۔

## اسٹریلیا میں ہندو لڑکی نے اسلام قبول کرلیا

اآسٹریلیا (خ ر) ٹھاکر منیشا سنگھ چوہان ھندو نامی خاتون نے امام جمعہ کانبرا آسٹریلیا حجت السلام والمسلیمین علامہ اشفاق وحیدی کے پاس آکر مذہب اہل بیت قبول کیا۔ منیشا چوہان خاتون نے سچے دل سے اسلام قبول کر کے اپنا نام زینب رکھا۔

# میڈیکل اسٹاف کی کورونا سے نمٹنے کی کوششیں ان کی برائیوں کو اچھائی میں تبدیل کریں گی، آیت اللہ یعقوبی

## برائی کو اچھائی میں بدلنے کی سب سے اہم وجہ خدا کی یاد، نیک اعمال کی بجا آوری اور مومن کی کوتاہیوں کو چھپانا ہے

**انھوں نے کہا کہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کو بھی برائیوں کو اچھائیوں میں تبدیل کرنے کا ذریعہ ہے**

عراق (خ ر) شیخ محمد یعقوبی نے اپنی ایک گفتگو میں برائیاں اچھائیوں میں تبدیل ہونے کی وجوہات بیان کیں انہوں نے برائی کو اچھائی میں بدلنے کی سب سے اہم وجہ خدا کی یاد، نیک اعمال کی بجا آوری اور مومن کی کوتاہیوں کو چھپانا قرار دے دیا۔ آیت اللہ یعقوبی نے میڈیکل اسٹاف کی طرف سے کورونا وائرس سے نمٹنے کی کوششوں، کورونا سے مرنے والے افراد کو دفنانے میں رضا کاروں کے اقدامات، اور پلازمہ خون کا عطیہ کرنے والوں کے عمل کو بھی برائیوں کو اچھائی میں بدلنے کی سب سے اہم وجوہات میں سے قرار دیا۔

عراقی عالم دین نے اہل بیت علیہم السلام کی ولایت، ان بزرگوں کی رہنمائی و سیرت پر عمل پیرا ہونے اور امام حسین علیہ السلام کی زیارت کو بھی برائیوں کو اچھائیوں میں تبدیل کرنے کا ذریعہ قرار دے دیا۔

## فلسطین امت کے علماء کیلئے امانت کی حیثیت رکھتا ہے

**فلسطینی، عرب اور اسلامی سرزمین ہے، انجمن علمائے فلسطین**

لبنان (خ ر) انجمن علمائے فلسطین نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطین دریاؤں اور نہروں سمیت شمال تا جنوب، فلسطینی، عرب اور اسلامی سرزمین ہے اور یہودیوں اور صیہونیت کا اس میں کوئی حق نہیں ہے، کوئی بھی منصوبہ بندی اس حقیقت کو بدل نہیں سکتی۔ فلسطین میں انجمن علمائے فلسطین اور عالمی علماء کرام کی عالمی یونین کے صدر مروان ابو راس نے ایک نیوز کانفرنس کو مغربی کنارے میں شمولیت کے منصوبے کے بارے میں انٹرویو دیتے ہوئے کہا ہے کہ: ہم واضح طور پر اعلان کرتے ہیں کہ اسلو قانون ایک غلط قانون ہے اور اس غاصب حکومت کو تسلیم کرنا ایک مذہبی، قانونی، انسانی اور تاریخی جرم محسوب ہوگا۔




## شام کے خلاف امریکی پابندیاں بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے

**اسلامی جمہوریہ ایران شام کے خلاف امریکی پابندیوں کی شدید مذمت کرتا ہے، شام میں نمایندہ ولی فقیہ**

شام (خ ر) شام میں نمائندہ ولی فقیہ حجت الاسلام والمسلمین طباطبایی اشکذری نے حرم حضرت زینب سلام اللہ علیہا میں دیئے جانے والے نماز جمعہ کے خطبوں میں شامی عوام کے خلاف امریکہ کی نئی پابندیوں کی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دے کر کہا کہ امریکی پابندیاں، وائٹ ہاؤس کی ہمارے خطے کے بارے میں اپنی پالیسیوں کو عملی جامہ پہنانے میں کمزوری اور ناکامی کو ظاہر کرتی ہیں اور دوسری طرف سے یہ پابندیاں انسانی حقوق اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے اور اب ان پابندیوں نے شام کے مظلوم عوام کو نشانہ بنایا ہے۔ ٹرمپ کو مخاطب کرتے ہوئیکہا کہ، امریکی عوام تمہیں احمق کہتی ہے، ایسے میں تم شام کی مظلوم عوام پر پابندیاں عائد کررہے ہو!

## بعثی حکومت کو نابود کرنے والے ہاتھ آج پہلے سے زیادہ مضبوط ہیں

**عراق اپنے ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنے کا خواہاں ہے، امام جمعہ نجف**

عراق (خ ر) عراق کے شہر نجف اشرف کے امام جمعہ و الجماعت حجت الاسلام والمسلمین سید صدرالدین قبانچی نے نماز جمعہ کے خطبوں سے خطاب کرتے ہوئے کرونا وائرس سے مقابلے کے لئے میڈیکل عملے کی ہدایات پر عمل کرنے پر تاکید کرتے ہوئے کہا: ہمیں ہمارا دین بھی حکم دیتا ہے کہ جہاں کہیں انسانی جان کو خطرہ ہو وہاں پر احتیاطی تدابیر پر عمل کیا جائے۔ انہوں نے عراق کی سرزمین پر ترکی کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا: عراق اپنے ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنے کا خواہاں ہے۔ ہمسایہ ممالک کو بھی چاہیئے کہ وہ اپنے شہریوں کی خدمت اور داخلی امور پر زیادہ توجہ دیں۔ انھوں نے کہا: ایسا ممکن نہیں ہے کہ بعثی اور دہشتگرد دوبارہ حکومتی پوسٹوں پر براجمان ہوں کیونکہ جن ہاتھوں نے انہیں نابود کیا ہے وہ اب بھی موجود ہیں اور پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہیں۔

## کورونا کی بیماری سے بچنے کے لئے حفاظتی ہدایات پر عمل کرنا شرعاً واجب ہے، آیت اللہ تقی مدرسی

عراق (خ ر) آیت اللہ سید محمد تقی مدرسی نے کورونا سے بچاؤ کے لئے صحت کے رہنما اصولوں پر عمل درآمد کرنے کے بارے میں پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں کہا ہے کہ اس بیماری سے بچاؤ کے لئے حفاظتی ہدایات کی رعایت کرنا شرعاً واجب ہے۔

## نظام ولایت فقیہ نظام الٰہی ہے اس نظام سے ہر مسلمان کے حقوق محفوظ ہیں، امام جمعہ کانبرا آسٹریلیا

آسٹریلیا (خ ر) حجت الاسلام والمسلمین علامہ اشفاق وحیدی نے آج جمعہ کے خطبہ نظام ولایت فقیہ نظام الٰہی ہے اس نظام سے ہر مسلمان کے حقوق محفوظ ہیں جہالا اس نظام کو پہچانتے نہی ہیں آج اگر اسلامی جمہوری ایران دنیا میں کامیاب ہے نظام ولایت فقیہ کی وجہ سے اسی نظام سے ہی شعار اللہ کی حفاظت ہوسکتی ہے۔

## آئی ایس او پاکستان کا یکم تا 7 جولائی "ہفتہ ولایت" منانے کا اعلان

**ہفتہ ولایت کے تحت ملک بھر میں نظام ولایت کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کیا جائے گا، مرکزی صدر**

لاہور (خ ر) اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان نے یکم سے 7 جولائی ہفتہ ولایت منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہفتہ ولایت کے تحت ملک بھر میں نظامِ ولایت کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ ہفتہ ولایت منانے کا فیصلہ تنظیم کی مرکزی کابینہ کے آن لائن اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سربراہی مرکزی صدر عارف حسین الجانی کہا کہ ولایت تشیع کی جڑ اور تشیع کے تحفظ کی بنیادی طاقت ہے، یہی وجہ کہ نظام ولایت کے پیرو دنیا بھر میں منظّم، متحد اور مستحکم ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ مذہب تشیع کو متفق ومتحد رکھنے اور اس کی سرزمینوں کو استعماری طاقتوں کی بلاواسطہ حکمرانی سے بچانے اور حکومتوں کو دین کی مخالفت سے روکنے میں ولایت نے جو کردار ادا کیا ہے۔

## نوجوان معتدل معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں، صدر جے ایس او پاکستان

**قوم کے اندر مثبت اخلاقی اقدار کو فروغ دینا ہی اسلام کا واضح پیغام ہے، مرکزی صدر**

راولپنڈی (خ ر) جعفریہ اسٹوڈنٹس کے 23 ویں یوم تاسیس پر مرکزی صدر جعفریہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان سید ذیشان شمسی نے کہا کہ اپنی صفوں میں بگاڑ، انحراف اور انتشار کی بجائے قومی وحدت کی راہ ہموار کرتے ہوئے ایک معتدل معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرے۔ اس لیے کہ نیکیوں میں سبقت لے جانا، تعلیمی میدان میں کامیابیاں حاصل کرنا، قیادت کی تعظیم وتکریم کرنا، خدمت خلق کرنا اور منفی سرگرمیوں کا رد کرتے ہوئے قوم کے اندر مثبت اخلاقی اقدار کو فروغ دینا ہی اسلام کا واضح پیغام ہے جو کہ اس تنظیم کے منشور کا حصہ ہے۔ 23 یوم تاسیس پر تمام کارکنان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

# دنیا بھر کے کروڑوں لوگ شیخ زکزاکی کی صحت کے حوالے سے شدید پریشان ہیں، ایم ڈبلیو ایم پاکستان

**عالمی شہرت یافتہ نائجیریا کے ممتاز انقلابی رہنما شیخ ابراہیم زکزاکی اور ان کی اہلیہ کو بلا جواز قید کیا گیا ہے ابراہیم زکزاکی عالمی سطح کے انقلابی رہنما ہیں**

**علامہ مقصود ڈومکی نے کہا کہ شیخ ابراہیم زکزاکی گولیوں کی وجہ سے زخمی ہیں لہذا ان کے علاج کا بھی فل فور بندوبست کیا جائے**





کوئٹہ (خ ر) مظلوم مسلمانوں سے یکجہتی کے لئے اور نائجیریا کے مذہبی رہنما شیخ ابراہیم زکزاکی اور ان کی اہلیہ محترمہ کی آزادی کے لئے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مجلس وحدت مسلمین پاکستان کے مرکزی ترجمان مقصود علی ڈومکی نے کہا کہ عالمی شہرت یافتہ نائجیریا کے ممتاز انقلابی رہنما شیخ ابراہیم زکزاکی اور ان کی اہلیہ کو بلا جواز قید کیا گیا ہے ابراہیم زکزاکی عالمی سطح کے انقلابی رہنما ہیں۔ نائیجیرین حکومت کی جانب سے نائیجیریا کے سیاہ فام مسلمانوں کا قتل عام کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شیخ ابراہیم زکزاکی دنیا بھر کے کروڑوں انسانوں کے محبوب رہنما ہیں۔ نائیجیرین حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فی الفور شیخ زکزاکی کو آزاد کرے۔

## عشرہ کرامت کی مناسبت سے ویڈیو لنک کانفرنس منعقد

**امام علی رضا علیہ السلام اعلی کردار اور کریمانہ اخلاق کے مالک تھے، رکن پنجاب اسمبلی**

لاہور (پ ر) بسلسلہ ولادت باسعادت حضرت امام علی رضا علیہ السلام و بی بی فاطمہ معصومہ سلام اللہ علیہا ویڈیو کانفرنس منعقد کی گئی۔ کانفرنس کا عنوان تھا انسانی فضائل وکمالات میں اہل بیت کا کردار کانفرنس سے پاکستان کے جید علماء کرام اور دانشور حضرات نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ قرآن کریم نے جن اعلی انسانی اقدار اور اخلاق کا ذکر کیا ہے۔ اس کا عملی نمونہ اہل بیت رسول اللہ ص کا کردار ہے۔ آل محمد نے اپنے کریمانہ اخلاق اور کردار کے ذریعے لوگوں کو اعلی انسانی فضائل اور کمالات سے روشناس کرایا۔




آل محمد کے کردار میں علم وحلم سخاوت وشجاعت عفو ودرگذر اور ایثار جیسی اعلی قدریں موجود ہیں۔ رکن پنجاب اسمبلی محترمہ سیدہ زہراء نقوی نے کہا کہ امام علی رضا علیہ السلام اعلی کردار اور کریمانہ اخلاق کے مالک تھے۔

## دینی مدارس ۱۵ جولائی تک بند رہینگے، وفاق المدارس شیعہ پاکستان

**مدارس میں تعلیمی سرگرمیاں شروع کرنے کے حوالے سے اتحاد تنظیمات مدارس کے حالیہ مذاکرات ناکام رہے ہیں**

لاہور (خ ر) وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے سیکرٹری جنرل علامہ محمد افضل حیدری نے کہا ہے کہ 15 جولائی تک مدارس دینیہ بند رہیں گے، حکومت سے مدارس میں تعلیمی سرگرمیاں شروع کرنے کے حوالے سے اتحاد تنظیمات مدارس کے حالیہ مذاکرات ناکام رہے ہیں۔ شیعہ مدارس کے پرنسپل صاحبان کے نام مراسلے میں علامہ محمد افضل حیدری نے واضح کیا ہے کہ ملک بھر سے مدارس میں تعلیمی سرگرمیاں معطل ہونے پر علماء و مدرسین میں تشویش پائی جاتی ہے کہ مارکیٹوں اور بازاروں میں کاروبار اور ٹرانسپورٹ بھی کھول دی گئی ہے، مگر افسوس مدارس دینیہ کو کھولنے کی اجازت نہیں دی جارہی۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کیساتھ ہونے والے اجلاس میں کرونا وائرس کے پھیلاؤ کے تناظر میں حالات کی سنگینی بارے وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے واضح کیا کہ کرونا کا خطرہ موجود ہے، اس وبا کا پھیلاؤ مزید بڑھ رہا ہے اور یقین دہانی کروائی ہے کہ حالات بہتر ہونے پر مدارس کھول دیئے جائیں گے۔

## جامعہ امامیہ اور جامعۃ الزہرا لکھنؤ میں آن لائن کلاسز جاری


**مولانا سید صفی حیدر کے ہدایت پر ۱۶ شوال المکرّم ۱۴۴۱ھ سے آن لائن کلاس کا آغاز کیا گیا**

لکھنؤ (پ ر) لکھنؤ لاک ڈاون کے سبب پورے ملک میں تمام سرکاری و غیر سرکاری اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور مدارس تعطیل ہیں۔ لھذا جامعہ امامیہ اور جامعہ الزہرا تنظیم المکاتب کے طلاب و طالبات اپنے گھروں پر ہیں۔ طلاب جامعہ امامیہ اور طالبات جامعہ الزہرا تنظیم المکاتب کے روشن مستقبل اور انکے قیمتی اوقات کو با مقصد مصرف میں لانے کی خاطر سربراہ ادارہ تنظیم المکاتب مولانا سید صفی حیدر کے ہدایت پر 16 شوال المکرّم 1441 ھجری سے آن لائن کلاسز کا آغاز کیا گیا۔ جو اب تک جاری ہے اور حکومت کی تعلیمی مراکز کے کھلنے کی اجازت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔



## کراچی دہشت گردی کے اصل محرکات، مقامی سہولت کار سامنے لائے جائیں، علامہ نیاز نقوی

لاہور (خ ر) وفاق المدارس الشیعہ پاکستان اور ملی یکجہتی کونسل کے مرکزی نائب صدر علامہ نیاز حسین نقوی نے کراچی سٹاک ایکسچینج پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کے اصل محرکات اور مقامی سہولت کار سامنے لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی طویل عرصہ تک دہشت گردی، اغوابرائے تاوان، بھتہ خوری، فرقہ وارانہ ٹارگٹ کلنگ جیسے سنگین جرائم کا شکار رہا ہے۔



## اس سال ہندوستان سے کوئی حج پر نہیں جائے گا،

**ہندوستانی وزیر برائے اقلیتی امور**

نیو دہلی (پ ر) اقلیتی امور کے مرکزی وزیر مختار عباس نقوی نے منگل کے روز کہا کہ کورونا وائرس وبا کے سبب سال 2020 میں ہندوستانی عازمین کو سفر حج پر نہ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

## ہندوستان کی سرزمین پر امریکی فوج برداشت نہیں کریں گے

**مولانا سید فرمان علی موسوی نے کہا کہ امریکی وزیر بیان جس میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان کو چین سے، بچانے کے لیے امریکہ اپنی فوج ہندوستان بھیج رہا ہے**

**کسی بھی قیمت پر ہمیں امریکی افواج کو ہندوستان میں گھسنے نہیں دینا چاہیے۔**

ممبئی (پ ر) مجتمع علماء و خطبا ممبئی ہندوستان کے سکریٹری حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا سید فرمان علی موسوی نے کہا کہ امریکی وزیر مائک پومپیو کا بیان ہندوستان کے انگریزی اخباروں میں چھپا ہے کہ ہندوستان کو چین سے بچانے کے لیے امریکہ اپنی فوج ہندوستان بھیج رہا ہے۔ انہوں نے کہا، ایسے وقت میں کہ جس امریکہ کے مشرقی وسطی میں پیر اکھڑ چکے ہیں ہندوستان کی زمین پر چین کے مقابلہ میں حفاظت کے نام پر موجودہ سرکار کا اسے آنے دینا ہم ہندوستانیوں کے لیے کسی خطرے کی گھنٹی سے کم نہیں ہے۔ تمام ہندوستانیوں کو خاموش نہیں رہنا چاہیے امریکہ اور موجودہ سرکار کی اس گھناؤنی پالیسی کے خلاف بڑے پیمانے پر احتجاج کرنا چاہیے۔

## کورونا کی اس وبا میں، دولتمند افراد ضرورت مندوں کی مدد کریں

**ہندوستان میں رہبر معظم کے نمائندے نے کہا کہ ضرورتمند مومنین بلکہ بلا امتیاز مذہب وملت میں مستحقین کی مدد کریں**

ہند (پ ر) ہندوستان میں رہبر معظم آیت اللہ خامنہ ای کے نمائندے حجت الاسلام والمسلمین مہدی مہدوی پور نے علماء وخطباء سے اپیل کی ہے کہ وہ کورونا کی اس مہلک وبا کے پیش نظر اپنے اپنے علاقہ میں صاحب حیثیت اور صاحب ثروت اور دولت مند حضرات کو طلب کریں۔ اور ان سے نہ صرف ضرورتمند مومنین بلکہ بلا امتیاز مذہب و ملت میں مستحقین کی مدد کرنے کی اپیل کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ مالدار لوگوں کو اللہ تعالی کی طرف سے نیکی کمانے کا ایک موقع بھی ہے۔ ایسے حضرات اگر وہ چاہتے ہیں کہ ان کے پاس دولت کی فراوانی بنی رہے اور اللہ تعالی ان سے دولت واپس نہ لے لے تو ایسے افراد کو چاہیے کہ اس مشکل وقت میں ضرورتمندوں کی مدد کو آگے آئیں۔

## دکن کے شہر حیدرآباد سے آن لائن مکتب سدرۃ المنتہیٰ کا آغاز

**ہمارا اصل مقصد بچوں کی تعلیم وتربیت کے ساتھ اپنے علماء اور مدرسین کی خدمت کرنا ہے، انتظامیہ**

دکن (پ ر) ہندوستان کا پہلا ڈیجیٹل مکتب معرفت ثقلین کیبعد اس کے مدرس سید شاداب احمد گوپالپوری مقیم حال حیدرآباد نے اپنے ان سبھی مومن بھائی اور بہنوں کے لئے جو مکتب یا مدرسہ تک دینی تعلیم کے لئے نہیں جاسکتے ہیں " آن لائن مکتب سدرۃ المنتہیٰ " کا آغاز کیا ہے۔ جس میں ہماری قوم کی بچیوں کے لئے فی الحال دس معلمات مصروف ہیں اور سبھی قم المقدسہ سے فارغ التحصیل بھی ہیں۔ بانی و پرنسپل مولانا سید شاداب احمد نے کہا کہ ہمارا اصل مقصد بچوں کی تعلیم و تربیت کے ساتھ اپنے علماء اور مدرسین کی خدمت کرنا بھی ہے اس لئے ان کی محنت کا خیال کرتے ہوئے انہیں فیس کا ۷۰ فیصد حصہ ادا کر دیا جاتا ہے۔ مکتب سدرۃ المنتہیٰ نے بچوں کے لئے اپنا کورس خود مرتب کیا ہے جو تمام علماء اور معلمات کے زیر نگرانی انجام پایا اور اسے روز بروز ادامہ بھی دیا جاتا ہے ہم نے بچوں کے ادب و اخلاق میں سدھار لانے کے لئے "درس اخلاق" کا کورس بعنوان "تہذیب اطفال" مرتب کیا ہے جو ایکٹیویٹی کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

## امریکی اقتدار کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے

**ہم سب امریکی اقتدار کی پسپائی کا مشاہدہ کرنے والے ہیں، مولانا سید حیدر عباس رضوی**

ہند (پ ر) حجۃ الاسلام والمسلمین سید حیدر عباس رضوی نے کہا کہ ظلم، تشدد اور بربریت کے لئے مشہور زمانہ امریکہ کی حکومت مائل بہ زوال ہے اور عنقریب رہبر انقلاب کی پیشینگوئی کے تناظر میں ہم سب امریکی اقتدار کی پسپائی کا مشاہدہ کرنے والے ہیں۔ انسانی حقوق کی پاسبانی کا کھوکھلا نعرہ بلند کرنے والے امریکی صدور مملکت نے مسلسل مظلومین کو اپنے ظلم وستم کا نشانہ بنایا ہے جس کی تازہ ترین اور زندہ مثال جارج فلوئیڈ کا بے رحمانہ قتل ہے جو اپنی زندگی کی دہائی کے لئے مسلسل پلیس اہلکار سے نجات کی بھیک مانگ رہا تھا۔

صدائے حوزہ کی جانب سے تمام قارئین کو عشرہ کرامت مبارک ہو!



## حضرت امام رضاؑ کے فضائل وکمالات

امام رضا اللہ کے نور کا ٹکڑا، اسکی رحمت کی خوشبو اور ائمہ طاہرینؑ کی آٹھویں کڑی ہیں جن سے اللہ نے رجس کو دور رکھا اور ان کو اس طرح پاک وپاکیزہ رکھا جو پاک وپاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔ مامون نے ائمہ طاہرینؑ کے متعلق اپنے زمانہ کے بڑے مفکر وادیب عبداللہ بن مطر سے سوال کرتے ہوئے کہا: اہل بیتؑ کے سلسلہ میں تمہاری کیا رائے ہے؟ عبداللہ نے ان سنہرے لفظوں میں جواب دیا: میں اس طینت کے بارے میں کیا کہوں جس کا خمیر رسالت کے پانی سے تیار ہوا اور وحی کے پانی سے اس کو سیراب کیا گیا؟ کیا اس سے ہدایت کے مشک اور تقویٰ کے عنبر کے علاوہ کوئی اور خوشبو آسکتی ہے؟ ان کلمات نے مامون کے جذبات پر اثر کیا اس وقت امام رضاؑ بھی موجود تھے، آپ نے عبداللہ کا منھ موتیوں سے بھر دینے کا حکم صادر فرمایا وہ تمام اصلی ستون اور بلند وبالا مثالیں جن کی امامؑ عظیم سے تشبیہ دی گئی ہے، آپؑ کے سلوک، ذات کی ہوشیاری اور دنیا کی زیب وزینت سے روگردانی کرنا سوائے اُن ضروریات کے جن سے انسان اللہ سے لو لگا تا ہے، یہ سب اسلام کی دولتوں میں سے ایک دولت ہے۔ ہم ان میں سے بعض خصوصیات اختصار کے طور پر بیان کرتے ہیں: آپؑ کی پرورش: امامؑ نے اسلام کے سب سے زیادہ باعزت وبلند گھرانہ میں پرورش پائی، کیونکہ یہ گھر وحی کا مرکز ہے۔ یہ امام موسیٰ بن جعفرؑ کا بیت الشرف ہے جو تقویٰ اور ورع وپرہیزگاری میں عیسیٰ بن مریم کے بیت الشرف کے مشابہ ہے، گویا یہ بیت الشرف عبادت اور اللہ کی اطاعت کے مراکز میں سے تھا، جس طرح یہ بیت الشرف علوم نشر کرنے اور اس کو لوگوں کے درمیان شائع کرنے کا مرکز تھا اسی بیت الشرف سے لاکھوں علماء، فقہاء، اور ادباء نے تربیت پائی ہے۔ اسی بلند وبالا بیت الشرف میں امام رضاؑ نے پرورش پائی اور اپنے پدر بزرگوار اور خاندان کے آداب سے آراستہ ہوئے جن کی فضیلت، تقویٰ اور اللہ پر ایمان کے لئے تخلیق کی گئی ہے۔ آپؑ کا عرفان اور تقویٰ امام رضاؑ کے عرفان کی خصوصیت یہ تھی کہ آپ حق پر پائیدار تھے، اور آپ نے ظلم کے خلاف قیام کیا تھا، اس لئے آپ مامون عباسی کو تقوائے الٰہی کی سفارش فرماتے تھے اور دین سے مناسبت نہ رکھنے والے اس کے افعال کی مذمت فرماتے تھے، جس کی بناء پر مامون آپ کا دشمن ہوگیا اور اس نے آپ کو قتل کرنے کا فیصلہ کیا اگر امامؑ اس کی روش کی مذمت نہ کرتے جس طرح کہ اس کے اطرافیوں نے اس کے ہر گناہ کی تائید کی تو آپ کا مقام اس کے نزدیک بہت عظیم ہوتا۔ اسی بناء پر مامون نے بہت جلد ہی آپ کو زہر دے کر آپؑ کی حیات ظاہری کا خاتمہ کر دیا۔



## حضرت معصومہؑ امام صادقؑ کی نظر میں

امام صادق (ع) سے نقل ہے کہ آپ نے فرمایا: """" خداوند عالم حرم رکھتا ہے اور اس کا حرم مکہ ہے پیغمبر (ص) حرم رکھتے ہیں اور ان کا حرم مدینہ ہے۔ امیر المومنین (ع) حرم رکھتے ہیں اور ان کا حرم کوفہ ہے۔ قم ایک کوفہ صغیر ہے، جنت کے آٹھ دروازوں میں سے تین قم کی جانب کھلتے ہیں، پھر امام (ع) نے فرمایا: میری اولاد میں سے ایک عورت جس کی شہادت قم میں ہوگی اور اس کا نام فاطمہ بنت موسیٰ ہوگا اور اس کی شفاعت سے ہمارے تمام شیعہ جنت میں داخل ہوجائیں گے۔ (بحار ج/۰۶، ص/۸۸۲)

ہمیں سوشل میڈیا پر جوائن کریں:

hnews.ur
hawzahnews_ur
hawzahnews_ur
hawzahnews_ur
hawzahnews.ur@gmail.com
ur.hawzahnews.com

حوزہ
WWW.HAWZAHNEWS.COM